گزشتہ سال نزولِ قرآن کی چودہ سو سالہ برسی پر پاکستان نیشنل آئل لمیٹڈ نے قرآن حکیم پر چند قابل قدر مضامین کا یہ مرقع شائع کیا۔ زیر تبصرہ رسالہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک حصہ انگریزی اور دوسرا اردو۔ مضامین نگاروں میں دنیائے اسلام کے نامور علما شامل ہیں۔ مثلاً علامہ اقبال مرحوم۔ مولانا شبیر احمد عثمانی۔ سید قطب شہید، مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی، ڈاکٹر حمید اللہ، علامہ محمد اسد، مولانا ابوالحسن علی ندوی، پروفیسر خورشید احمد اور جناب ماہر القادری۔

طباعت کا معیار بڑا عمدہ ہے۔

WHAT IS OUR MESSAGE | تالیف۔ امام حسن البناء شہید۔ شائع کردہ۔ جناب عزیز احمد بالبینی۔ صفحات۔ ۳۹۔

اس کتابچے میں احیائے دین کے لیے مسلمانوں اور عام انسانوں کے لیے ایک روح پرور پیغام ہے۔ اس کے ایک ایک لفظ میں حسن البناء مرحوم کی اسلام سے غیر معمولی محبت اور اس کی تعلیمات پر غیر متزلزل اعتقاد جھلکتا ہے اور آدمی یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ پہاڑی کا وعظ اپنے کانوں سے سن رہا ہے۔ جناب عزیز احمد صاحب نے امام مرحوم کے اس پیغام کو بڑی صحت کے ساتھ انگریزی میں منتقل کیا ہے۔

ترجمہ مختصر شعب الایمان | تالیف شیخ امام ابو جعفر عمر قزوینیؒ۔ ناشر: نور محمد کارخانہ تجارت، آرام باغ، کراچی۔

زیر تبصرہ کتابچہ امام بیہقی کی مشہور کتاب شعب الایمان کی تلخیص اور ترجمہ ہے۔ اس میں ایمان کی ۷۷ شاخوں کا تفصیلی بیان درج ہے۔ یہ کتاب دینی نقطہ نظر سے بڑی مفید ہے اور عقیدہ و عمل کی پاکیزگی کے لیے اس سے بہت اچھی رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

اسلام، سوشلزم اور اسلامی سوشلزم | تالیف: جناب اسعد گیلانی صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ بتول۔ اچھرہ۔ لاہور۔ قیمت ۵۰ پیسے سفید کاغذ۔ ۳۱ پیسے اخباری کاغذ۔ صفحات: ۵۵

اسعد گیلانی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے جہاں ادب و انشاء کی خوبیوں سے بہرہ مند فرمایا وہاں انہیں اس بات